Newsletter Vol. 2, 2010

pakistani federalism

پاکستان میں مالیاتی وفاقیت
ساتویں این ایف سی ایوارڈ اور
18ویں ترمیم کے اثرات اور مضمرات



Understanding Fiscal Federalism in Pakistan: Impacts and Implications of 7th NFC Award & 18th Amendment

Roundtable on Federal-Provinces Role and Responsibilities in Education

وفاقیت پر عوامی آگاہی مہم پر مشاورت

Contents

Understanding Fiscal Federalism in Pakistan: Impacts and Implications of 7th NFC Award & 18th Amendment — پاکستان میں مالیاتی وفاقیت: ساتویں این ایف سی ایوارڈ اور 18ویں ترمیم کے اثرات اور مضمرات — 3

Gilgit-Baltistan Empowerment and Self-Governance Order 2009: Challenges and Opportunities — گلگت بلتستان بااختیاری اور خودحکمرانی آرڈر 2009۔۔۔چیلنجز اور مواقع — 17

Making the 18th Amendment Work — 18ویں دستوری ترمیم پر عملدرآمد — 20

Prof. Christina Murray, — پروفیسر کرسٹینا مرے — 25

`Roundtable on Federal-Provinces Role and Responsibilities in Education — راؤنڈ ٹیبل تعلیمی شعبے میں وفاق۔صوبوں کا کردار اور ذمہ داریاں — 32

Consultation on Public Education Campaign on Federalism — وفاقیت پر عوامی آگاہی مہم پر مشاورت — 39

The 8th National Finance Commission constituted — 8ویں قومی مالیاتی ایوارڈ کی تشکیل — 44

Chronology July-September 2010 — وفاقیت سے متعلق اہم واقعات — 45

Pakistani federalism

This Newsletter is part of project Strengthening Federalism in Pakistan Forum of Federations and Centre for Civic Education Pakistan are implementing this Project with support form German Foreign Office.

Forum of Federations — THE GLOBAL NETWORK ON FEDERALISM

COOPERATION PAKISTAN — FEDERAL REPUBLIC OF GERMANY

Centre for Civic Education Pakistan — سینٹر برائے سوک ایجوکیشن پاکستان

EDITORIAL BOARD

Quraysh Khattak
Aasma Qamar
Shafqat Aziz

PICTURES

Sultan Bashir

CONTACT

Centre for Civic Education
G.P.O Box 1123, Islamabad-44000
Pakistan
contact@civiceducation.org
www.civiceducationo.org

Forum of Federations' Pakistan Page:
http://www/fourmfed.org/en/where/pakistan.php

DISCLAIMER

Every effort has been made to ensure the accuracy of contents in this newsletter. The Centre for Civic Education Pakistan does not accept responsibility of any omission, as it is not deliberate, Nevertheless we will appreciate provision of accurate information to improve the next issue

Understanding Fiscal Federalism in Pakistan: Impacts and Implications of 7th NFC Award & 18th Amendment

پاکستان میں مالیاتی وفاقیت : ساتویں این ایف سی ایوارڈ اور 18ویں ترمیم کے اثرات اور مضمرات

Pakistan is experiencing a major transformation of its fiscal system and structure. The 7th National Finance Commission (NFC) award and elements related to fiscal federalism in the 18th Constitutional Amendment have significantly changed resource distribution criterion, ownership of natural resources, cost of governance at various levels (local, provincial and national) after abolition of the Concurrent List, and overall fiscal management including provinces' power to raise domestic and international loans and provide guarantees.

These significant changes require deeper understanding of the issues associated with this transformation. Equally important is to examine the overall impact and implications of this fiscal restructuring. It is also important to assess the state of preparedness in terms of human and institutional capacities and resources.

To initiate an informed debate and discussion, the Centre for Civic Education Pakistan and the Forum of Federations arranged a series of meetings of Provincial Advisory Groups on Federalism from all the four provinces during June-August 2010. Three of the meetings were held in provincial capitals – Lahore, Peshawar and Karachi. The meeting of Balochistan Policy Advisory Group on Federalism was held in Islamabad.

Participants of these meetings were given Forum's publications on different aspects of federalism as well as a copy of the post-18th Amendment Constitution of Pakistan. A national conference on fiscal federalism will be held on 30-31 October 2010 in Islamabad where national as well as international fiscal experts will deliberate upon different aspects of fiscal federalism in Pakistan.

These Provincial Advisory Groups on Federalism are platforms of leading experts including political leaders, mandate and duty bearers, academics and civil society activists interested in an informed dialogue and focused

پاکستان میں مالیاتی نظام اور ڈھانچے کے حوالے سے بڑی تبدیلیاں ہو رہی ہیں۔ ساتویں قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ اور اٹھارویں دستوری ترمیم نے ملکی مالیاتی بندوبست کو نمایاں طور پر تبدیل کر دیا ہے۔ وسائل کی تقسیم کا فارمولہ تبدیل اور مشترکہ قانون سازی کی فہرست کو ختم کر دیا گیا ہے۔ صوبوں کو قدرتی وسائل کی ملکیت میں حصہ داری، مقامی اور بین الاقوامی قرضے حاصل کرنے کی اجازت اور ان قرضوں کے لئے ضمانت مہیا کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ ان مالیاتی اور انتظامی اقدامات نے مقامی، صوبائی اور قومی سطحوں پر حکومتی اخراجات کے پرانے طریقہ کار کو کافی حد تک بدل دیا ہے۔

یہ حالات متقاضی ہیں کہ ان تبدیلیوں اور ان سے پیوستہ معاملات کا گہری فہم و فراست کے ساتھ جائزہ لیا جائے اور ان نئے حالات کے لئے وسائل کی دستیابی کے ساتھ ساتھ افرادی اور ادارہ جاتی استعداد اور تیاری پر غور کیا جائے۔

ان امور پر غور کرنے کیلئے علمی بحث کا آغاز کرتے ہوئے سینٹر برائے سوک ایجوکیشن پاکستان اور فورم آف فیڈریشنز نے جون سے اگست 2010 کے دوران چاروں صوبوں میں وفاقیت پر صوبائی مشاورتی گروپوں کے اجلاس منعقد کئے۔ تین اجلاس صوبائی دارالحکومتوں، لاہور، پشاور اور کراچی میں منعقد ہوئے جبکہ وفاقیت پر بلوچستان کے مشاورتی گروپ کا اجلاس اسلام آباد میں ہوا۔ ان اجلاسوں کے شرکاء کو وفاقیت سے متعلق مختلف موضوعات پر فورم آف فیڈریشنز کی مطبوعات اور 18ویں ترمیم کے بعد کا مطبوعہ دستور پاکستان پیش کئے گئے۔

صوبائی مشاورتی گروپس وفاقیت کے ممتاز ماہرین بشمول سیاسی رہنماؤں، ماہرین تدریس اور سول سوسائٹی کے ان نمائندوں پر مشتمل ہیں جو پاکستان میں وفاقیت کے استحکام سے متعلق اہم معاملات پر علمی بحث اور مکالمے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان صوبائی گروپوں کی تشکیل کا مقصد صوبائی حصہ داروں کے خیالات و آراء کی روشنی میں وفاقیت کے حوالے سے مختلف امکانات کا جائزہ لینا اور پاکستان میں وفاقیت کے استحکام پر گفتگو کا دائرہ وسیع کرنا ہے۔

discussion on issues vital for strengthening federalism in Pakistan. These groups have been constituted to solicit views of provincial stakeholders and widen the scope of dialogue on analyzing various federal options.

اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے 30 اور 31 اکتوبر 2010 کو اسلام آباد میں مالیاتی وفاقیت پر ایک قومی کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس موقع پر قومی اور بین الاقوامی ماہرین مالیات پاکستان میں مالیاتی وفاقیت کے مختلف پہلوؤں کو زیر بحث لائیں گے۔

Objectives:

- To supplement efforts being made to realize fiscal changes envisioned in the 18th Constitutional Amendment and 7th NFC award
- To examine/evaluate the state of preparedness both in terms of capacity (human and institutional) and capital (financial health)
- To sequence provincial fiscal priorities and improve transparency of fiscal responsibilities
- To interact with fiscal federalism experts, stakeholders/practitioners and exchange ideas for fiscal federal experiences/practices
- And discuss roadmap to implement this new fiscal vision and possible challenges

مقاصد :

- 18 ویں دستوری ترمیم اور 7 ویں قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ میں درج مالیاتی تبدیلیوں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے کی جانے والی کوششوں کو تقویت دینا
- (ان تبدیلیوں کے لئے) افرادی اور ادارہ جاتی استعداد اور تیاریوں اور دستیاب مالی وسائل کا جائزہ لینا
- صوبوں کی مالیاتی ترجیحات کو ترتیب دینا اور مالیاتی امور میں شفافیت کو بہتر بنانا
- مالیاتی وفاقیت کے ماہرین، حصہ داروں اور متعلقہ پیشہ ورانہ امور سرانجام دینے والوں کے ساتھ رابطہ اور وفاقی مالیاتی تجربات اور معمولات پر تبادلہ خیال کرنا
- اس نئی مالیاتی تصور کو عملی جامہ پہنانے کیلئے لائحہ عمل اور ممکنہ چیلنجز پر بحث کرنا

Punjab

The Punjab Policy Advisory Group (PAG) meeting on fiscal federalism was held in Lahore on June 28, 2010. Renowned economist Dr. Akmal Hussain was the keynote speaker on the occasion. He said that the Federal Government and the Parliament showed maturity in

پنجاب:

مالیاتی وفاقیت پر پنجاب کے پالیسی مشاورتی گروپ کا اجلاس 28 جون 2010 کو لاہور میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر معروف معیشت دان ڈاکٹر اکمل حسین کلیدی مقرر تھے۔ انہوں نے کہا کہ شدید اختلافات کے باوجود قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ اور

Mr. Tanvir Ashraf Kaira, Punjab Minister for Finance, and economist Dr. Akmal Hussain at Punjab Policy Advisory Group meeting

Mr. Khurram Dastgir Khan, Chairman of the National Assembly Standing Committee on Commerce, chairing a session at Punjab Policy Advisory Group meeting. Panelists Dr. Pervez Tahir and Dr. Usman Mustafa are also in the photo.

resolving contentious challenges of the National Finance Commission and the 18th Amendment. The achievements may seem a small step but in reality is a huge step forward towards fiscal federalism and has enhanced the credibility of Pakistan's democratic system. These acts will bring government closer to the people. He advocated for a Charter of Economy on the pattern of Charter of Democracy to offer pro-people economic vision with political consensus.

The Minister of Finance Punjab, Mr. Tanvir Ashraf Kaira, said that a new Pakistan is emerging in which the President of Pakistan has shed his powers. In larger national interest, Punjab has compromised and accepted the slicing down of its share in the NFC and all provinces agreed on the multiple criteria of resource distribution, he added. Now the next challenges for the provincial governments are implementation of the 18th Amendment and bringing efficiency in tax collection.

Former Federal Finance Minister, Mr. Sartaj Aziz, in his written comments said that the 7th NFC and 18th Amendment constituted important and far reaching reforms towards genuine federalism in Pakistan. The 18th Amendment had not only increased the quantum of

18ویں ترمیم کی منظوری وفاقی حکومت اور پارلیمنٹ کی سیاسی بالغ نظری کی آئینہ دار ہے۔ ہوسکتا ہے بظاہر یہ کامیابیاں بہت بڑی نہ لگتی ہوں مگر درحقیقت مالیاتی وفاقیت کی جانب یہ بہت اہم قدم ہے اور اس کے باعث پاکستان کے جمہوری نظام کی ساکھ میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ اقدامات حکومت کو عوام کے قریب تر لائیں گے۔ عوامی فلاح پر مبنی اقتصادی تصور پر سیاسی اتفاق رائے پیدا کرنے کے لئے انہوں نے میثاق جمہوریت کی طرز پر میثاق معیشت کی تجویز پیش کی۔

پنجاب کے وزیر خزانہ تنویر اشرف کائرہ نے کہا کہ ایک نیا پاکستان ابھر رہا ہے جہاں صدر پاکستان نے اپنے اختیارات بخوشی کم کرتے ہوئے پارلیمنٹ کو سونپے ہیں جبکہ پنجاب نے وسیع تر قومی مفاد میں قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ میں اپنے حصے میں کٹوتی قبول کی اور چاروں صوبوں نے وسائل تقسیم کیلئے کثیر بنیادی فارمولہ اپنانے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے کہا کہ اب صوبائی حکومتوں کو 18 ویں دستوری ترمیم پر عملدرآمد اور ٹیکس وصولی میں مستعدی لانے جیسے درپیش چیلنجز کا سامنا کرنا ہے۔

سابق وفاقی وزیر خزانہ سرتاج عزیز نے اپنے تحریری تبصرے میں کہا کہ 7واں این ایف سی ایوارڈ اور 18ویں دستوری ترمیم پاکستان میں حقیقی وفاقیت کی جانب اہم اور دور رس نتائج کی حامل اصلاحات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 18ویں ترمیم سے نہ صرف

provincial autonomy, but had also restored the powers previously assumed by military rulers under different phases of Martial Law, back to the Parliament as envisaged in the original 1973 Constitution, he remarked.

Engr. Khurram Dastgir Khan, chairman of the National Assembly Standing Committee on Commerce, said that the 18th Amendment and 7th NFC award were remarkable achievements but implementation challenges were like mountains beyond mountain.

Mr. Rashid Mehmood Langrial, Secretary of Implementation and Coordination of the Government of Punjab, said that the provincial government was doing the necessary spadework to take control of the transferred subjects and departments. As per 18th Amendment, the provincial government had finalized draft of an Industrial Relations Act which would be tabled in the next session of the Punjab Assembly, he said.

Other speakers included Dr. Pervez Tahir, Dr. Usman Mustafa and Dr. Qais Aslam. The participants included media representatives, academics, politicians including members the Punjab Assembly, government officials, members of Women Chamber of Commerce and Lahore Chamber of Commerce.

صوبوں کی خودمختیاری میں اضافہ ہوا ہے بلکہ اس کے ذریعے پارلیمنٹ کو وہ اختیارات بھی واپس مل گئے ہیں جو 1973ء کے دستور میں اسے دیئے گئے تھے لیکن بعدازاں فوجی حکمرانوں نے مختلف مارشل لا ادوار میں ازخود سنبھال لئے تھے۔

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کے سربراہ خرم دستگیر خان نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ 18ویں دستوری ترمیم اور 7واں قومی مالیاتی ایوارڈ کی منظوری شاندار کامیابیاں ہیں تاہم ان اقدامات کے اطلاق کے حوالے سے مسائل کافی پیچیدہ ہیں۔

حکومت پنجاب کے سیکرٹری برائے عملدرآمد ورابطہ، راشد محمود لنگڑیال نے کہا کہ صوبائی حکومت منتقل شدہ معاملات اور شعبوں کو سنبھالنے کیلئے ضروری تیاری کر رہی ہے اور 18ویں ترمیم کی مناسبت سے پنجاب حکومت نے صنعتی تعلقات کے قانون کے مسودے کو حتمی شکل دی ہے جو صوبائی اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پیش کر دیا جائے گا۔

دوسرے مقررین میں ڈاکٹر پرویز طاہر، ڈاکٹر عثمان مصطفیٰ اور ڈاکٹر قیس اسلم شامل تھے۔ اجلاس میں صحافیوں، ماہرین تدریس، سیاستدان بشمول اراکین پنجاب اسمبلی، حکومتی افسران، ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمائندوں نے شرکت کی۔

Prof. Dr. Karamat Ali of Islamic University, Bahawalpur, (centre) and others at the meeting

Recommendations

- The political leadership shall present an Economic Charter like that of the Charter of Democracy to develop national consensus on issues of fiscal importance.
- The government shall devise fiscal policies that are conducive for investments in the country.
- Provinces shall explore new sources of revenues as well as effective enforcement of Agriculture tax to gradually reduce the burden of indirect taxes.
- Coordination among different tiers of governments shall be strengthened for broadening the tax net.
- Provinces shall also devolve powers and resources to Local Governments with full autonomy.
- More transparency in revenue collection and spending shall be introduced at all levels.
- Provinces may initially face capacity constraints to absorb enhanced powers. The Federal Government needs to support provincial governments through fiscal means at least in the transition period to enable them to stand on their own feet.
- Proper preparation is needed to assess the absorption of employees from federal government to the provincial level.
- Non-development expenditures and delivery costs shall be minimized by ending overlapping of actions and spending on same subjects by the federal and provincial governments.

سفارشات:

- مالیاتی اہمیت کے معاملات پر قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کیلئے سیاسی قیادت میثاق جمہوریت کی طرز پر میثاق معیشت لے کر آئے
- وفاقی حکومت ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سازگار مالیاتی پالیسیاں تشکیل دے
- صوبے محصولات کے نئے ذرائع تلاش کرنے کے علاوہ زرعی ٹیکس کا موثر نفاذ کریں تا کہ بلاواسطہ ٹیکسوں کے بوجھ کو بتدریج کم کیا جا سکے
- ٹیکس کے دائرے کو وسعت دینے کیلئے حکومت کی مختلف سطحوں کے مابین رابطوں کو فعال بنایا جائے
- صوبوں کو بھی اختیارات اور وسائل مکمل خودمختاری کے ساتھ مقامی حکومتوں کو منتقل کرنے چاہیے
- تمام سطحوں پر محصولات جمع اور خرچ کرنے کے نظام میں زیادہ شفافیت لائی جائے
- صوبوں کو ابتدا میں اضافی اختیارات اور شعبے سنبھالنے کے حوالے سے کم استعدادی جیسے مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے۔ وفاقی حکومت کو تبدیلی کے اس عمل کے دوران صوبوں کی مالی معاونت کرنی چاہیے تا کہ صوبے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے قابل ہوسکیں
- وفاقی حکومت کے ملازمین کو صوبوں میں کھپانے کے عمل کا جائزہ لینے کیلئے مناسب تیاری کی ضرورت ہے
- وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے ایک ہی شعبے میں دوہرے اخراجات اور اقدامات ختم کرتے ہوئے غیر ترقیاتی اخراجات اور خدمات کی بہم رسانی کی لاگت کو کم سے کم کیا جائے

Khyber Pakhtunkhwa

More than seventy participants including elected officials, civil servants, academics, journalists and activists from different political parties gathered at a meeting of the Khyber Pakhtunkhwa Policy Advisory Group on July 12, 2010 in Peshawar to learn and discuss how the 7th NFC Award and 18th Constitutional Amendment will affect federal system and the lives of people in the province.

In his keynote speech, Dr. Jehan Z. Manan of the Institute of Management Sciences, Peshawar, explained the role of the different orders of government as service providers. He described how that role is allocated to the central

خیبر پختونخوا

12 جولائی 2010 کو پشاور میں منعقدہ خیبر پختونخوا پالیسی مشاورتی گروپ کے اجلاس میں منتخب عوامی نمائندوں، نوکر شاہی، ماہرین تدریس، صحافیوں اور سیاسی جماعتوں کے کارکنوں سمیت 70 سے زائد افراد 7واں این ایف سی ایوارڈ اور 18ویں دستوری ترمیم کے وفاقی نظام اور صوبے کے لوگوں کی زندگیوں پر اثرت جاننے اور اس پر بحث کرنے کے لئے یکجا ہوئے۔

انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز پشاور کے ڈاکٹر جہاں منان نے اپنے کلیدی خطاب میں شہری خدمات کے بہم رسانی میں حکومت کے مختلف سطحوں کے کردار کی وضاحت کی

Mr. Liaqat Ali Shabab, Khyber Pakhtunkhwa Minister for Excise & Taxation, speaking at Khyber Pakhtunkhwa Policy Advisory Group meeting. Also seen in the photo are (left) Mr. Zafarullah Khan, Executive Director of the Centre for Civic Education Pakistan, and (right) Dr. Jehan Z. Manan of the Institute of Management Sciences, Peshawar.

government and the provinces, and how different services are provided by the governments of different geographic entities.

Dr Manan highlighted how the limited revenue-raising capacity of the provinces, added to their increased responsibilities and creates a problem called "vertical fiscal imbalance." The gap between revenue and expenditure is then filled by revenue sharing, primarily by way of intergovernmental transfers to the provinces from the central government.

Mian Iftikhar Hussain, the provincial Minister for Information who is also chairman of the provincial constitutional implementation committee of the government of Khyber-Pakhtunkhwa, explained in detail the state of preparedness of the provincial government to implement the 18th Amendment and allocate the funds to be transferred to the province by the National Finance Commission. The minister also reported that the Khyber-Pakhtunkhwa government has insisted that the federal government make public the details of the new provincial responsibilities which were formerly in the concurrent list - and to state what funding the central government intends to provide the province to meet those responsibilities.

Speakers and panel chairs included Liaqat Ali Shabab, Minister of Excise and Taxation, Ms. Bushra Gohar, member of the National Assembly and Mr. Nurul Haque of the Oil and Gas Regulatory Authority.

Those attending the July 12, 2010 event also included two members of the provincial assembly, academics from eight universities and institutes, political party activists, civil servants, as well as journalists.

اور بتایا کہ کس طرح مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے کردار کا تعین کیا جاتا ہے اور مختلف حصوں میں حکومتیں یہ خدمات کس طرح بہم پہنچاتی ہیں۔

ڈاکٹر منان نے اس پہلو کو اجاگر کیا کہ کس طرح صوبوں کی محدود محصولاتی استعداد اور ان کے حصے میں آنے والی زیادہ ذمہ داریاں ''عمودی مالیاتی ناہمواری'' جیسے مسئلے کو جنم دیتی ہے۔ محصولات اور اخراجات میں آنے والے اس تفاوت کو محصولات میں حصہ داری کے ذریعے دور کیا جاتا ہے۔ یہ فراہمی بنیادی طور پر مرکزی حکومت کی جانب سے صوبوں کو ہونے والے بین الحکومتی تبادلات کے ذریعے کی جاتی ہے۔

صوبائی وزیر اطلاعات اور خیبر پختونخوا حکومت کی صوبائی دستوری نفاذ کمیٹی کے چیئرمین میاں افتخار حسین نے 18 ویں دستوری ترمیم کے نفاذ اور قومی مالیاتی ایوارڈ کے ذریعے صوبے کو منتقلی کے لئے مختص فنڈ کے حوالے سے صوبائی حکومت کی تیاری پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے شرکاء کو بتایا کہ خیبر پختونخوا حکومت نے وفاقی حکومت سے اصرار کیا ہے کہ مشترک فہرست میں سے صوبوں کو منتقل ہونی والی نئی صوبائی ذمہ داریوں کی تفصیل شائع کریں اور اس کے ساتھ ان رقوم کا بھی اعلان کیا جائے جو ان نئی ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لئے مرکزی حکومت صوبے کو مہیا کرنے کی خواہاں ہے۔

اجلاس کے دوسرے مقررین اور مختلف پینلز کی سربراہی کرنے والوں میں صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن لیاقت علی شباب، رکن قومی اسمبلی بشریٰ گوہر اور آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی کے نورالحق شامل تھے۔ 12 جولائی کے اجلاس میں دو اراکین صوبائی اسمبلی، آٹھ یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے تدریسی ماہرین، نوکرشاہی کے نمائندوں اور صحافیوں نے بھی شرکت کی۔

Recommendations

- There is a need for constitutional provision to ensure horizontal balance to commit the Federal Government to the principle of equalized payments to ensure that provincial governments have enough resources to provide reasonable level of services to their people.
- Pakistan has high incidence of vertical fiscal imbalance. The Federal Government collects most of the revenues and the Provincial Governments are dependent on it to meet their expenditure. There is need for removal of this imbalance that involves the distribution of resources between the Federal Government and the Provincial Governments.
- Provinces should also take into account poverty and population density in their budgetary allocations to ensure regional parity to overcome poverty and bring under-developed areas at par with the developed areas.
- The Province of Khyber Pakhtunkhwa should have full control over its resources including hydel generation.
- Despite being a front-line province in the War on Terror, Khyber Pakhtunkhwa has not been appropriately compensated and rewarded for its sacrifices and losses. One per cent allocation in the 7th NFC Award is not enough and needs to be enhanced substantially.
- The Government of Khyber Pakhtunkhwa should undertake steps to focus on its own revenue generation sources including its potential to generate hydel power to provide cheap electricity to its people; generate more resources and encourage industrialization to overcome poverty by providing cheap energy to industries as an incentive.
- Provinces should devolve powers to the lowest tier of administration to provide services to the people at door steps. The devolution of powers should also entail distribution of resources in line with requirement at the lowest tier of administration.
- Greater devolution and decentralization of powers require greater accountability and transparency in spending as well. A system of checks and balances may be evolved to ensure judicious spending of the resources.
- Various tiers of the governments need to be more responsive to the demands of the people in public services delivery.

سفارشات:

- ایک ایسے دستوری انتظام کی ضرورت ہے جو وفاقی حکومت کو افقی توازن قائم کرنے اور صوبوں کو مساویانہ ادائیگی کی پابند بنائے تا کہ عوام کو مناسب خدمات بہم پہنچانے کے لئے معقول وسائل کی دستیابی یقینی بنائی جا سکے۔
- پاکستان میں عمودی مالیاتی ناہمواری خاصی زیادہ ہے۔ زیادہ تر محصولات وفاقی حکومت اکھٹا کرتی ہے اور صوبائی حکومتیں اخراجات کی تکمیل کے لئے مرکزی حکومت پر انحصار کرتی ہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان وسائل کی تقسیم میں اس ناہمواری کو دور کئے جانے کی ضرورت ہے۔
- صوبوں کو بھی بجٹ کی رقوم مختص کرتے وقت غربت اور آبادی کو مدنظر رکھنا چاہیئے تا کہ غربت پر قابو پایا جا سکے اور کم ترقی یافتہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لاتے ہوئے علاقائی عدم تفاوت کو یقینی بنایا جا سکے۔
- صوبہ خیبر پختونخوا کو اپنے وسائل بشمول پن بجلی کی پیداوار پر مکمل تصرف ملنا چاہیئے۔
- دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صف اول کا صوبہ ہونے کے باوجود خیبر پختونخوا کو اس کی قربانیوں اور نقصانات پر خاطر خواہ تلافی یا صلہ نہیں دیا گیا۔ اس مد میں قومی مالیاتی ایوارڈ میں ایک فیصد کا مختص کیا جانا کافی نہیں اور اس میں قابل ذکر اضافہ کئے جانے کی ضرورت ہے۔
- خیبر پختونخوا حکومت کو اپنے محصولات کے ذرائع بڑھانے کے لئے اقدامات کرنے چاہئیں خاص کر پن بجلی پیدا کرنے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تا کہ صوبہ اپنے عوام کو سستی بجلی فراہم کر سکے اور صنعتوں کو سستی توانائی کی ترغیب دے کر صنعتی عمل کو فروغ دیا جائے اور نئے وسائل پیدا کر کے غربت پر قابو پایا جائے۔
- لوگوں کو خدمات ان کی دہلیز پر بہم پہنچانے کے لئے صوبوں کو چاہئے کہ اختیارات انتظامیہ کی نچلی سطح پر منتقل کر دیں۔ اختیارات کی اس منتقلی کے ساتھ حکومت نچلی ترین سطح پر درکار وسائل بھی فراہم کرے۔
- اختیارات کی بڑے پیمانے پر منتقلی اور عدم مرکزیت کیلئے اخراجات میں اسی پیمانے پر محاسبے اور شفافیت کی ضرورت ہے۔ ان معاملات کو باقاعدہ نگرانی میں رکھنے کے حوالے سے نظام وضع کیا جائے تا کہ وسائل کا منصفانہ مصرف یقینی بنایا جا سکے۔
- حکومت کی مختلف سطحوں کو عوامی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے زیادہ بہتر شنوائی کرنی چاہئے۔

From right to left: Dr. Kaiser Bengali, economist and advisory of Chief Minister of Sindh, Provincial Minister Syed Sardar Ahmed, and Mr. Zafarullah Khan, Executive Director of the Centre for Civic Education Pakistan, responding to questions from audience during a meeting of Sindh Policy Advisory Group.

Sindh

The meeting of Sindh Policy Advisory Group on Federalism was held on July 19, 2010, in Karachi. The government of Sindh was represented by Cabinet Minister Syed Sardar Ahmed and provincial Chief Economist Dr. Qazi Masood while renowned economist and advisor to Chief Minister Dr. Kaiser Bengali was the keynote speaker.

Dr. Kaiser Bengali termed the 7th NFC and 18th Amendment as "tectonic shift" and landmark achievements; however, he warned that the real issue was the implementation process as many centralists in the establishment and bureaucracy were not comfortable with these changes.

Dr. Bengali, who had represented Sindh as member in the 7th NFC, said that Sindh might not have gained much from the 7th NFC Award in monetary terms, but a major achievement is transition from a centralist paradigm towards democratic federalism as for the first time in the fiscal history of Pakistan a multiple-criteria formula instead of the previous sole criterion of population was agreed upon for resources distribution among the provinces.

About impacts of 18th Amendment, Dr. Bengali said that Sindh was the energy zone of Pakistan as the province had 99% coal and 70% oil reserves of the country. Under the 18th Amendment, the provinces have been made

سندھ

وفاقیت پر سندھ پالیسی مشاورتی گروپ کا اجلاس 19 جولائی 2010 کو کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں حکومت سندھ کی نمائندگی صوبائی وزیر سید سردار احمد اور چیف اکانومسٹ ڈاکٹر قاضی مسعود نے کی جبکہ معروف معیشت دان اور وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر ڈاکٹر قیصر بنگالی کلیدی مقرر تھے۔

ڈاکٹر قیصر بنگالی نے 7ویں قومی مالیاتی یوارڈ اور 18ویں دستوری ترمیم کو ''بڑی ساختی تبدیلی'' اور سنگ میل کامیابیاں قرار دیا تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ اصل معاملہ ان تبدیلیوں پر اطلاق کا عمل ہوگا کیونکہ اسٹیبلشمنٹ اور افسر شاہی میں ایسے کئی مرکزیت پسند موجود ہیں جو ان تبدیلیوں سے خوش نہیں۔

7ویں این ایف سی ایوارڈ میں سندھ کی نمائندگی کرنے والے ڈاکٹر قیصر بنگالی نے کہا کہ ہوسکتا ہے کہ مالی حوالے سے 7ویں قومی مالیاتی ایوارڈ سے سندھ نے کچھ زیادہ حاصل نہ کیا ہوتا ہم بڑی تبدیلی مرکزیت پر مبنی نظام سے جمہوری وفاقیت کی جانب تبدیلی کا عمل ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ صوبوں میں وسائل کی تقسیم کیلئے کثیر بنیادی فارمولے پر اتفاق کیا گیا ہے جبکہ ماضی میں وسائل کی تقسیم کا واحد معیار آبادی تھا۔

ڈاکٹر قیصر بنگالی نے 18ویں دستوری ترمیم کے مضمرات سے متعلق کہا کہ سندھ پاکستان کا ''انرجی زون'' ہے کیونکہ ملک میں پائے جانے والے کوئلے کے 99% اور تیل کے 70% ذخائر سندھ میں پائے جاتے ہیں۔ 18ویں دستوری ترمیم کے تحت صوبوں کو تیل اور گیس پر 50% ملکیت کا حق ہے اور تیل اور گیس کی تلاش سے متعلق

signatory in oil and gas exploration agreements with 50% ownership/share. Previously, the concerned province did not have any role in such deals.

Provincial Minister Syed Sardar Ahmed commented that the federal bureaucracy is very strong, entrenched, and it will try to stifle constitutional plans granting powers to the provinces. He said the centralists were making false propaganda about provinces' lack of capacity to shoulder additional responsibilities. He said that the provinces have the capacity to handle their affairs and can levy and collect all sorts of taxes.

Other presenters and panel chairs included Mr. Taj Haider, former Senator and provincial general secretary of the PPP, Ms. Humera Alwani, Member of the Sindh Assembly, and Mr. Ibrar Kazi, a politician and technocrat.

More than fifty participants including political activists from four political parties, a member of the National Assembly, a member of the Provincial Assembly, as well as provincial party officials, five academics representing three universities, five civil society activists from four different civil society organizations, eight students from five universities or colleges, five writers, a columnist and editors as well as Seventeen reporters, photographers and cameramen from Forteen media organizations attended the meeting.

معاہدوں پر صوبوں کو وفاق کے برابر دستخط کرنے کا اختیار ہے۔ ماضی میں ایسے کسی معاہدے میں متعلقہ صوبے کا کردار نہیں تھا۔

صوبائی وزیر سید سردار احمد نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی بیوروکریسی بہت مضبوط اور گہرے اثر ورسوخ کی حامل ہے اور وہ صوبوں کو اختیارات دینے کے دستوری منصوبے میں مزاحم ہونے کی کوشش کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ مرکزیت پسندوں کا یہ پراپیگنڈا غلط ہے کہ اضافی ذمہ داریاں سنبھالنے کے حوالے سے استعداد کی کمی سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کے پاس اپنے معاملات سنبھالنے کی استعداد موجود ہے اور وہ ہر طرح کے ٹیکس لگا اور جمع کر سکتے ہیں۔

مقررین اور مختلف پینلز کی سربراہی کرنے والوں میں سابق سینیٹر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری تاج حیدر، رکن سندھ اسمبلی حمیرا علوانی اور سیاست دان و ٹیکنوکریٹ ابرار قاضی شامل تھے۔

اجلاس میں پچاس سے زائد افراد شریک ہوئے جن میں سیاسی جماعتوں کے کارکن اور رہنما، قومی اسمبلی کے ایک رکن، صوبائی اسمبلی کے ایک رکن، سیاسی جماعتوں کے صوبائی عہدیدار، تین یونیورسٹیوں کی نمائندگی کرنے والے پانچ ماہرین تدریس، سول سوسائٹی کی چار مختلف تنظیموں سے تعلق رکھنے والے پانچ نمائندے، پانچ یونیورسٹیوں اور کالجوں کے آٹھ طلباء، پانچ مصنفین، ایک کالم نگار و مدیر اور میڈیا کے چودہ اداروں سے تعلق رکھنے والے سترہ رپورٹر اور فوٹوگرافر شامل ہیں۔

Ms. Humera Alwani, member Sindh Assembly, Mr. Taj Haider, Provincial General Secretary of PPP, and Mr. Abrar Kazi at a panel during Sindh Policy Advisory Group meeting in Karachi

Recommendations

- The Planning Commission of Pakistan should have constitutionally protected representation from all provinces and the Commission should work closely with Planning Departments of all the provinces.
- A 10-year plan should be chalked out after consultation with all the provincial governments and under supervision of the Council of Common Interests. The plan should lay down priorities like power generation, provision of potable drinking water, interconnection of all interprovincial and inter-district roads within provinces etc. All provincial Assemblies and the Parliament should thoroughly debate and pass the 10-year plan with provinces having the right to reject project/s.
- The Implementation Committee must implement within five years the revised Article 38 of the Constitution by recruiting employees in all federal ministries/bodies from provinces in proportion to their population.
- Article 39 regarding participation of people in Armed Forces shall be amended for rationalizing provinces representatives in the Army, Navy and Air Force. The pay and pension of the armed forces runs into hundreds of billions of rupees each year and that is contributed by all the provinces. It is a gross distortion of the principle of equalization that only two provinces benefit from this huge allocation.
- A sea-port is a natural resource available to a province because of its geographical location. Therefore, the

Mr. Jami Chandio, Executive Director of the Centre for Peace and Civil Society, taking part in the discussion on fiscal federalism in Pakistan during Sindh Policy Advisory Group meeting

سفارشات:

- منصوبہ بندی کمیشن آف پاکستان میں تمام صوبوں کی دستور میں ضمانت شدہ نمائندگی ہونی چاہئے اور کمیشن کو تمام صوبوں کے منصوبہ بندی کے شعبوں کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہئے۔

Ms. Kishwer Zehra, Member National Assembly, making a point during Sindh Policy Advisory Group meeting

- صوبائی حکومتوں کی مشاورت اور مشترکہ مفادات کونسل کی زیرنگرانی 10 سالہ منصوبہ تشکیل دیا جائے۔ منصوبے میں توانائی پیدا کرنے، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، تمام بین الصوبائی سڑکوں اور صوبوں کے اندر بین الاضلاعی سڑکوں کو باہم ملانے جیسی ترجیحات کو طے کرنا چاہئے۔ تمام صوبائی اسمبلیوں اور پارلیمنٹ میں 10 سالہ منصوبے پر مفصل بحث ہونی چاہئے جبکہ صوبوں کے پاس کسی منصوبے یا منصوبوں کو مسترد کرنے کا حق ہونا چاہئے۔
- اطلاق کمیٹی پانچ برسوں کے دوران دستور کے نظرثانی شدہ آرٹیکل 38 کا لازمی نفاذ کرے جس کیلئے وفاقی وزارتوں/ اداروں میں صوبوں کی آبادی کی مناسبت سے بھرتیاں کی جائیں۔
- فوج، نیوی اور ایئرفورس میں صوبوں کی نمائندگی مناسب بنانے کیلئے مسلح افواج میں لوگوں کی شمولیت کے حوالے سے آرٹیکل 39 میں ترمیم کی جائے۔ مسلح افواج کی تنخواہوں اور پینشن کی مد میں ہر سال کئی ارب روپے خرچ ہوتے ہیں اور اس میں تمام صوبے حصہ ڈالتے ہیں۔ یہ مساوات کے اصول کی سنگین خلاف ورزی ہے کیونکہ مختص کی گئی اتنی بڑی رقم سے صرف دو صوبے مستفید ہوتے ہیں۔

ownership and control of the sea ports should be handed over to the provinces of their location [i.e Sindh and Balochistan] within three years.

- The mismatch and the competing demand between revenues and expenditures by the centre and the federating units is often a serious cause of stress in a federation. Responsible governance is a primary antidote against this malaise, but earning more and spending less are also two methods to overcome this problem.
- Since the 18th Constitutional Amendment has put a cap on the number of ministers, it is imperative that a Parliamentary Committee must be tasked to examine the number of federal and provincial bodies that need to be closed permanently. Many Corporations and committees like the Cotton Pricing Committee are totally irrelevant and must be closed.
- There should be a joint body of the federal and provincial tax collectors who must work together to crosscheck on prospective tax payers so that no one is left out.
- Sindh shall establish an electricity generation and distribution authority to utilize coal fields in Thar for producing cheap electricity. Sindh shall also build a small port at Ali Bandar to facilitate export of coal.

- بندرگاہ اپنے جغرافیائی مقام کے باعث صوبے کو دستیاب قدرتی وسیلہ ہوتی ہے۔لہٰذا، بندرگاہوں کی ملکیت اور کنٹرول تین برسوں کے اندر ان کے متعلقہ صوبوں مثلاً سندھ اور بلوچستان کو سونپ دیا جانا چاہئے۔
- مرکز اور وفاقی اکائیوں کے مابین محصولات اور اخراجات میں تفاوت اور مقابلہ جاتی مطالبے اکثر وفاق کے اندر تناؤ کا باعث بنتے ہیں۔ ذمہ دار طریقہ حکمرانی اور زیادہ کمانا اور کم خرچ کرنا اس مسئلے کے حل کے دو طریقے ہیں۔
- 18 ویں دستوری ترمیم نے چونکہ وزراء کی تعداد کی حد مقرر کر دی ہے۔لہٰذا یہ لازمی ہے کہ ایک پارلیمانی کمیٹی کو ان وفاقی اور صوبائی شعبوں کا جائزہ لینے کا کام سونپا جائے جنہیں مستقل بنیادوں پر ختم کیا جانا ہے کئی کارپوریشنیں اور کمیٹیاں جیسا کہ کاٹن پرائسنگ کمیٹی، مکمل طور پر غیر متعلق ہیں اور انہیں بہر صورت ختم کیا جانا چاہئے۔
- وفاقی اور صوبائی ٹیکس وصول کرنے والوں کا ایک مشترکہ ادارہ ہونا چاہئے جنہیں ممکنہ ٹیکس گذار پر دوہرا چیک رکھنا چاہئے تاکہ کوئی ٹیکس کے دائرے سے باہر نہ رہے۔
- سندھ بجلی پیدا اور تقسیم کرنے کا ایک مجاز ادارہ قائم کرے تاکہ تھر کے کوئلے کے ذخائر کو سستی بجلی کے حصول کے لئے استعمال میں لایا جا سکے۔کوئلے کی برآمد کے لئے سندھ کو علی بندر کے مقام پر ایک چھوٹی بندرگاہ بھی تعمیر کرنی چاہئے۔

A view of the meeting of Sindh Policy Advisory Group on Federalism.

Balochistan

The meeting of Balochistan Policy Advisory Group on Federalism was held on August 18, 2010 in Islamabad. The participants agreed that the unanimous passage of 18th Constitutional Amendment and national consensus on the 7th National Finance Commission award are vital steps towards strengthening federalism in Pakistan, however, grievances of Balochistan will be addressed in real terms when the province is given full control over its resources as guaranteed in the 18th Amendment.

Chief Minister Nawab Muhammad Aslam Raisani, Senator Dr. Abdul Malik Baloch, Balochistan's Minister for Finance Mir Muhammad Asim Kurd Gailu, Member NFC Dr. Gulfaraz Ahmed, former provincial additional secretary of finance Mr. Noor-ul-Amin Mengal, activists and office bearers of political parties, representative of the civil society and academia as well as students from Balochistan were present on the occasion.

Provincial Minister for Finance Mir Muhammad Asim Kurd Gailu appreciated holding of meetings on such vital subjects. He said that the 7th NFC award is the first judicious and consensus award in the history of Pakistan, however, there were still many hurdles in the way toward fiscal autonomy.

In his keynote speech, Dr. Gulfaraz Ahmed said that today Balochistan would have far better off provided that the NFC was regularly and democratically constituted without any delay. Balochistan had benefited from inclusion of inverse population in the resource

بلوچستان

وفاقیت پر بلوچستان کے پالیسی مشاورتی گروپ کا اجلاس 18 اگست 2010 کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ 18 ویں ترمیم کی منظوری اور 7 ویں قومی مالیاتی ایوارڈ پر قومی اتفاق رائے پاکستان میں وفاقیت کے استحکام کی جانب اہم اقدامات ہیں تاہم بلوچستان کی شکایات کا حقیقی معنوں میں ازالہ تب ہوگا جب 18 ویں ترمیم میں دی گئی ضمانت کے مطابق صوبے کو اپنے قدرتی وسائل پر مکمل کنٹرول ملے گا۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی، سینیٹر عبدالمالک بلوچ، بلوچستان کے وزیر خزانہ میر محمد عاصم کرد گیلو، این ایف سی کے رکن ڈاکٹر گلفراز احمد، سابق صوبائی ایڈیشنل سیکرٹری برائے خزانہ نورالامین مینگل، سیاسی جماعتوں کے عہدیدار، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور ماہرین تدریس کے علاوہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے طلبا بھی شریک تھے۔

صوبائی وزیر خزانہ محمد عاصم کرد گیلو نے ان اہم موضوعات پر اجلاس منعقد کئے جانے کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ 7 واں قومی مالیاتی ایوارڈ پاکستان کی تاریخ میں پہلا منصفانہ اور متفقہ ایوارڈ ہے۔تاہم مالیاتی خودمختاری کی راہ میں اب بھی کئی رکاوٹیں موجود ہیں۔

اپنے کلیدی خطاب میں ڈاکٹر گلفراز احمد نے کہا کہ اگر قومی مالیاتی ایوارڈ کی باقاعدگی سے اور جمہوری طور پر تشکیل ہوتی رہتی تو آج بلوچستان کی حالت بہت بہتر ہوتی۔آبادی کی معکوس گنجانیت کو ایوارڈ کیلئے فارمولے میں شامل کئے جانے سے بلوچستان کو فائدہ ہوا

Dr. Gulfaraz Ahmed speaking at Balochistan Policy Advisory Group meeting, Chief Minister Nawab Muhammad Aslam Raisnai, Senator Dr. Abdul Malik Baloch, and Provincial Minister for Finance, Mr. Muhammad Asim Kurd Gailu are also in the photo

A research scholar taking part in the discussion

Mr. Usman Khan Kakar of the Pakhtunkhwa Milli Awami Party making a point in the discussion

distribution formula and its overall share in the national divisible pool has gone up from 5.1% to 9.09 %. Dr. Gulfaraz Ahmed predicted that Pakistan will become one of the world's leading federations provided powers and resources are transferred to the provinces as enshrined in the 18th Amendment.

Senator Dr. Abdul Malik, who is a member of the Implementation Commission on 18th Amendment, said that the 18th Amendment had made Pakistan a more federal state. He said abolition of the concurrent list is a step forward towards provincial autonomy, however, he added that there were still some challenges in implementation of 18th Amendment. He said the federal government was willing to give rights to provinces but there was a dire need for change in the mindset of federal bureaucracy. The senator also stressed the need that Balochistan should focus on developing its human resource to get maximum benefit out of state restructuring according to the new constitutional changes.

The participants suggested that the provincial government should judiciously spend its resources on development of Balochistan as well as on promotion and preservation of languages and identity of its people.

ہے اور قابل تقسیم قومی وسائل میں صوبے کا حصہ 5.1% سے بڑھ کر 9.07% ہو گیا ہے۔ ڈاکٹر گلفراز نے پیشگوئی کی کہ اگر 18 ویں ترمیم کی مطابقت سے وسائل صوبوں کو منتقل کئے گئے تو پاکستان کا شمار دنیا کے بہترین وفاقی ممالک میں کیا جائیگا۔

18 ویں دستور ترمیم پر عملدرآمد کمیشن کے رکن سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک نے کہا کہ 18 ویں ترمیم نے پاکستان کو زیادہ بہتر وفاقی ریاست بنا دیا ہے۔ مشترک فہرست کا خاتمہ صوبائی خودمختاری کی جانب ایک قدم ہے تاہم 18 ویں ترمیم کے اطلاق کے حوالے سے چند چیلنجز سامنے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا وفاقی حکومت صوبوں کو حقوق دینا چاہتی ہے تاہم وفاقی بیوروکریسی کی طرز فکر بدلنے کی اشد ضرورت ہے۔ سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک نے اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کو نئی دستوری تبدیلیوں اور ریاست کی تشکیل نو سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونا چاہئے اور اس کیلئے اپنے انسانی وسائل کی ترقی پر توجہ مبذول کرنی چاہیئے۔ شرکاء نے تجویز کیا کہ صوبائی حکومت صوبے کی ترقی اور صوبے میں بولی جانے والی زبانوں اور شناخت کو محفوظ بنانے کے لئے وسائل کو منصفانہ طور پر خرچ کرے۔

A view of Balochistan Policy Advisory Group Meeting

Dr. Ishaque Baloch (centre), leader of the National Party and others during the meeting

Recommendations:

- Grievances of people of Balochistan are deep rooted and allocation of more funds and resources alone cannot pacify public anger. Fiscal measures must be accompanied by meaningful political action to win hearts and minds of people in the province.
- The federal government shall transfer critical mass of Balochistan share in the FDP instead of monthly payments so that the province could benefit from the funds in real terms.
- The Federal government's agreement to pay additional PKR 120 billion to Balochistan as Gas Development Surcharge is a good step forward but there is no deadline given for completing this payment. The federal government shall clarify payment mechanism of GDS payment and fix a time frame for its payment.
- Measures should be made to speed up exploration of natural resources in province in general and oil and gas in particular to enhance revenue of the province.
- Special attention should be given to security and maintaining of law and order situation so that foreign investors could come and invest in development of the province.
- Balochistan's share in federal jobs is negligible. Fair share in federal jobs including the armed forces and police shall be given to Balochistan. For the time being its quota in federal civil service should be increased by 25%.
- Balochistan government should give priority to capacity building of provincial civil servants so that the province's capacity to collect taxes can be improved.
- Process of granting Exploration Licenses for mineral projects in the province shall be made transparent. And license should be given to the highest bidders in an open auction.
- Tribalism and feudalism are major causes of poverty and backwardness in Balochistan. Steps should be taken to liberate people from the clutches of tribal chiefs and landlords.
- There are behavioral and cultural issues with people in Balochistan who want to get salary but are not willing to work. The provincial government should make sure that its functionaries do their duty properly.
- The provincial government should given equal attention to development of Pakhtun and Baloch areas.

سفارشات:

- بلوچستان کے لوگوں کی شکایات کی وجوہات انتہائی گہری ہیں اور محض زیادہ فنڈز اور وسائل مختص کرنے سے عوامی بے چینی کو کم نہیں کیا جا سکتا۔ صوبے کے عوام کے دل اور دماغ جیتنے کیلئے مالیاتی اقدامات کے ساتھ ساتھ بامقصد سیاسی اقدامات بھی ہونے چاہئیں
- وفاقی حکومت ماہانہ ادائیگیاں کرنے کے بجائے وفاقی قابل تقسیم محاصل میں بلوچستان کے حصے کا بیشتر یکبارگی منتقل کرے تاکہ صوبہ صحیح معنوں میں ان فنڈز سے مستفید ہو سکے۔
- وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کو گیس ڈویلپمنٹ سرچارج کی مد میں 120 ارب روپے اضافی ادا کرنے پر آمادگی ایک مثبت قدم ہے۔ تاہم اس رقم کی مکمل ادائیگی کیلئے کوئی حتمی تاریخ نہیں دی گئی ۔ وفاقی حکومت اس مد میں ادائیگی کے طریقہ کار کو واضح کرے اور ادائیگی کے حوالے سے مدت مقررہ کا تعین کرے۔
- صوبے میں قدرتی وسائل بالعموم اور تیل و گیس کی بالخصوص تلاش تیز تر کی جائے تاکہ صوبے کے محصولات میں اضافہ کیا جا سکے۔
- تحفظ، سلامتی اور امن و امان برقرار رکھنے پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ غیر ملکی سرمایہ کار یہاں آ سکیں اور صوبے کی ترقی کیلئے درکار سرمایہ کاری کر سکیں۔
- وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ وفاقی ملازمتوں بشمول مسلح افواج اور پولیس میں بلوچستان کو منصفانہ حصہ دیا جائے، وقتی طور پر وفاقی سول سروسز میں صوبے کے حصے میں 25% تک کا اضافہ کیا جائے۔
- بلوچستان حکومت صوبائی سول ملازمین کی استعداد بڑھانے کو اپنی ترجیح بنائے تاکہ صوبے کے ٹیکس اکھٹے کرنے کی استعداد بہتر بنائی سکے۔
- صوبے میں معدنیات کی تلاش کی غرض سے منصوبوں کیلئے لائسنسوں کا اجرا شفاف بنایا جائے اور لائسنس کھلی نیلامی میں سب سے زیادہ بولی دہندہ کو دیا جائے۔
- قبائلیت اور جاگیرداری بلوچستان میں غربت اور پسماندگی کی بڑی وجوہات ہیں۔ لوگوں کو قبائلی سرداروں اور جاگیرداروں کے چنگل سے آزادی دلانے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔
- بلوچستان میں لوگوں کے ایسے رویئے اور ثقافتی وجوہ موجود ہیں کہ لوگ تنخواہ تو لینا چاہتے ہیں مگر وہ کام کرنے پر آمادہ نہیں۔ صوبائی حکومت کو یقینی بنانا چاہئے کہ اس کے عملداران اپنے فرائض کی درست طور پر ادائیگی کریں۔
- صوبائی حکومت کو پختون اور بلوچ علاقوں کی ترقی پر یکساں توجہ دینی چاہئے۔

Gilgit-Baltistan Empowerment and Self-Governance Order 2009: Challenges and Opportunities

گلگت بلتستان بااختیاری اور خود حکمرانی آرڈر 2009 ”چیلنجز اور مواقع“

Centre for Civic Education and Forum of Federations expanded the scope of debate and discussion on federalism by bringing in Gilgit Baltistan in focus.

A two days conference titled Gilgit-Baltistan Empowerment and Self-Governance Order 2009: Challenges and Opportunities were arranged in collaboration with Gilgit-Baltistan Policy Institute, in Islamabad on July 12-13, 2010.

سینٹر برائے سوک ایجوکیشن پاکستان اور فورم آف فیڈریشنز نے گلگت بلتستان پر توجہ مبذول کرتے ہوئے پاکستان میں وفاقیت پر بحث اور گفتگو کے دائرے کو مزید وسیع کر دیا۔ اس حوالے سے گلگت بلتستان بااختیاری اور خود حکمرانی آرڈر 2009 ”چیلنجز اور مواقع“ کے زیر عنوان گلگت بلتستان پالیسی انسٹی ٹیوٹ کے اشترک سے دو روزہ کانفرنس کا انعقاد 12 سے 13 جولائی کو اسلام آباد میں کیا گیا۔

From Left to Right:
Mr. Wazir Baig, speaker Gilgit-Baltistan Legislative Assembly,
Syed Mehdi Shah, Chief Minister of Gilgit-Baltistan,
and Mr. Altaf Hussain, President of the Gilgit-Baltistan Policy Institute,
at the conference.

Participants included 14 of the 33 members of the newly-elected Gilgit-Baltistan Legislative Assembly (GBLA), the Chief Minister, Speaker and Deputy Speaker of the Assembly, two ministers, three members of the Gilgit-Baltistan Council, five former members of the former Northern Areas Legislative Council, social and political activists and media.

On this occasion, Syed Mehdi Shah, Chief Minister of Gilgit-Baltistan, urged all political parties and people of Gilgit-Baltistan to join hands for making the new system of governance under the Gilgit-Baltistan Self-governance Reforms Package a success.

Syed Mehdi Shah said that the PPP or for that matter any other single party without support of the people cannot turn the emerging challenges into opportunities for the betterment and development Gilgit-Baltistan. He viewed Gilgit-Baltistan Self-Governance Order as a step towards federal integration.

The federal Minister for Information and Broadcasting, Mr. Qamar Zaman Kaira, who was the former Governor of Gilgit-Baltistan, was the chief guest at the opening session. In his speech Mr. Kaira said that the self-governance reforms will serve as a first step toward empowering people of the area. The Federal Minister urged the MLAs to come up to the expectations of the electorate and to resolve the problems being faced by the people of Gilgit-Baltistan on priority basis. He said that Gilgit-Baltistan was full of resources but there was need to get private sector involved for exploration of these resources. He predicted that the process of empowering people will not stop here since democracy in Pakistan is at its evolutionary process.

Mr. Qamar Zaman Kaira, Federal Minister for Information and Broadcasting, speaking at the inaugural session

Renowned academic Dr. Rasul Bakhsh Rais said that amid the reforms, attention must be paid to the need for quality higher education for development of the area.

Speaker of the Gilgit-Baltistan Legislative Assembly, Mr. Wazir Baig, Deputy Speaker Mr. Jamil Ahmad, Mr. Altaf Hussain of the Gilgit-Baltistan Policy Institute, Mr. Asadullah, advocate general of Gilgit-Baltistan, and Prof. Ahmed Ali Khan also spoke on the occasion. The speakers evaluated the benefits and shortcomings of the new system and made recommendations for its improvement.

کانفرنس کے شرکاء میں نومنتخب گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے 33 میں سے 14 اراکین، وزیراعلیٰ گلگت بلتستان، اسمبلی کے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر، دو وزراء، گلگت بلتستان کونسل کے تین اراکین، سابق شمالی علاقہ جات کونسل کے پانچ اراکین اور سماجی وسیاسی اداروں کے کارکنوں اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔

وزیراعلیٰ گلگت بلتستان سید مہدی شاہ نے اس موقع پر گلگت بلتستان کے عوام اور سیاسی جماعتوں سے کہا کہ وہ مل کر گلگت بلتستان اصلاحات پیکج کے تحت حکمرانی کے نئے نظام کو کامیاب بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی یا کوئی بھی دوسری سیاسی جماعت عوامی تائید کے بغیر تنہا گلگت بلتستان کی بہتری کیلئے درپیش چیلنجز کو مواقع میں نہیں بدل سکتی۔ انہوں نے گلگت بلتستان خود حکمرانی آرڈر کو وفاقی یکجہتی کی جانب قدم قرار دیا۔

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات قمر زمان کائرہ افتتاحی نشست میں مہمان خصوصی تھے۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ خود حکمرانی کی اصلاحات گلگت بلتستان کے عوام کو بااختیار بنانے کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔ وفاقی وزیر نے قانون ساز اسمبلی کے اراکین سے کہا کہ وہ اپنے منتخب کرنے والے عوام کی توقعات پر پورا اتریں اور گلگت بلتستان کے عوام کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان وسائل سے مالا مال ہے تاہم ان وسائل کی بارآوری کیلئے نجی شعبے کو شامل کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے پیش بینی کرتے ہوئے کہا کہ چونکہ پاکستان میں جمہوریت ارتقائی مرحلے میں ہے اس لئے بااختیاری کا یہ عمل بھی مسلسل آگے بڑھے گا۔

معروف مدرس ڈاکٹر رسول بخش رئیس نے کہا کہ اصلاحات رائج کرتے ہوئے علاقے کی ترقی کیلئے معیاری اعلیٰ تعلیم پر توجہ ضروری ہے۔ گلگت بلتستان اسمبلی کے سپیکر وزیر بیگ، ڈپٹی سپیکر جمیل احمد، گلگت بلتستان پالیسی انسٹی ٹیوٹ کے الطاف حسین، ایڈووکیٹ جنرل آف گلگت بلتستان اسداللہ اور پروفیسر احمد علی خان نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ مقررین نے نئے نظام کے فوائد اور رہ جانے والی کمی کا احاطہ کرتے ہوئے اس کی بہتری کیلئے سفارشات پیش کیں۔

Recommendations:-

- Gilgit-Baltistan shall be given constitutional status of a province with adequate representations in both houses of the national Parliament.
- The Gilgit-Baltistan Legislative Assembly shall have the power to amend the Gilgit-Baltistan Empowerment and Self-Governance Order 2009.
- To make all departments fully operational all supporting rules of business and regulations shall be drafted and approved on priority basis.
- The Gilgit-Baltistan Supreme Appellate Court and Chief Court shall have equal powers and independence as that of the Supreme Court or a High Court.
- A taxation system shall be introduced in Gilgit-Baltistan to reduce reliance on the Federal Government.
- Meeting of the Gilgit-Baltistan Council shall be called as soon as possible and all pressing matters shall be brought on its agenda.
- The Gilgit-Baltistan government in collaboration with private sector shall devise plan for exploiting of hydro-electricity potential of the region.
- Religious sectarian violence is a serious hurdle in development of the region. Elements involved in spreading sectarian hatred must be dealt with an iron hand and protection given to trade and tourism.

سفارشات:

- گلگت بلتستان کو صوبے کی دستوری حیثیت دیتے ہوئے قومی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں معقول نمائندگی دی جائے۔
- گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے پاس گلگت بلتستان بااختیاری اور خودحکمرانی آرڈر 2009 میں ترمیم کا اختیار ہونا چاہئے۔
- تمام شعبوں کو روبہ عمل لانے کیلئے تمام معاونی قواعد کار اور ضوابط کے مسودات ترجیحی بنیادوں پر تیار کئے جائے۔
- گلگت بلتستان سپریم اپیلٹ کورٹ اور چیف کورٹ کو سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ کے مساوی اختیارات اور آزادی حاصل ہونی چاہئے۔
- وفاقی حکومت پر انحصار کم کرنے کیلئے گلگت بلتستان میں ٹیکسوں کا نظام متعارف کرایا جائے۔
- گلگت بلتستان کونسل کا اجلاس جلد سے جلد بلایا جائے اور تمام اہم امور کو ایجنڈا پر لایا جائے۔
- گلگت بلتستان حکومت نجی شعبے کے اشترک سے علاقے میں پن بجلی پیدا کرنے کی استعداد سے فائدہ اٹھانے کیلئے منصوبہ طے کرے۔
- مذہبی فرقہ وارانہ تشدد علاقے کی ترقی کی راہ میں سنگین رکاوٹ ہے۔ فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے اور تجارت اور سیاحت کو تحفظ دیا جائے۔

A group photo of members and Speaker of Gilgit-Baltistan Legislative Assembly with Chief Minister Syed Mehdi Shah, and Mr. Zafarullah Khan, Executive Director of the Centre for Civic Education Pakistan

Making the 18th Amendment Work

18ویں دستوری ترمیم پر عملدرآمد

Prime Minister Yousuf Raza Gilani formed a nine-member commission, on May 4th 2010, to oversee the process of implementation of the 18th Amendment. Upon omission of the Concurrent legislative list, the Constitution Article 270 AA (clause 8) envisages to complete the process of devolution to the provinces by June 30, 2011. Clause 9 of Article 270 AA directs Federal government to constitute an Implementation Commission within 15 days of the commencement of the Constitution (Eighteenth Amendment) Act 2010.

The objective to form the commission is to examine the policy, programmes, capacity building and other measures that are required to be taken by the Federal

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے 18ویں دستوری ترمیم پر اطلاق کے عمل کی نگرانی کی غرض سے 4 مئی 2010 کو عملدرآمد کمیشن تشکیل دیا۔ مشترک اختیارات کی فہرست ختم ہونے کے بعد دستور کے آرٹیکل 270 اے اے (شق 8) کا تقاضہ ہے کہ 30 جون 2011 تک اختیارات کی صوبوں کو منتقلی کا عمل مکمل کرلیا جائے۔ آرٹیکل 270 اے اے کی شق 9 وفاقی حکومت کو ہدایت کرتی ہے کہ دستوری (18ویں ترمیم) ایکٹ 2010 کے آغاز کے بعد 15 دنوں میں ایک عملدرآمد کمیشن تشکیل دیا جائے۔

کمیشن کی تشکیل کا مقصد پالیسی، پروگراموں، استعداد میں اضافے اور ان دیگر اقدامات کا جائزہ لینا ہے جو اختیارات کی منتقلی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لئے وفاقی

The Implementation Commission

- Chairman Senator Mian Raza Rabbani of Pakistan Peoples Party,
- Deputy Chairman, Senator Muhammad Ishaq Dar of Pakistan Muslim League (N),
- Senator Afrasiab Khattak of Awami National Party, Member,
- Senator Rahmatullah Kakar of Jamiat Ulma-e-Islam (F) Member,
- Aftab Ahmed Khan Sherpao, MNA Pakistan Peoples Party (Sherpao) (Resigned),
- Syed Naveed Qamar, MNA Pakistan Peoples Party, Member,
- Dr. Muhammad Farooq Sattar, MNA Muttahida Quami Movement, Member,
- Senator Dr. Abdul Malik of National Party, Member,
- Senator Abdul Razzaq A. Thahim Pakistan Muslim League (F), Member (Died). Pakistan Muslim League (F) has nominated Mr. Khuda Bakhsh Rajar (MNA) to represent PML (F) in Implementation Commission.

The Implementation Commission may co-opt experts, serving or retired members of the civil service or any other person for a specified purpose and time on such terms and conditions as the Implementation Commission may deem fit, with prior approval of the Federal

Government and/ or the Provincial Governments for the implementation of the devolution process. The 18th Amendment Implementation Commission will also access the financial implications of such devolution and to provide guidance for financial mechanism that will make it sustainable. The Implementation Commission will submit bi-annual reports to the Parliament on the progress of implementation of its objectives.

The Terms of Reference and the functions of the Implementation Commission are as given below:-

1. The implementation Commission shall perform such functions as may be necessary for the implementation of clause 8 of Article 270(AA) of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan and such other steps needed for the implementation of the Constitution (Eighteenth Amendment) Act, 2010.
2. To examine the policy, programmes, capacity building and other measures that are required to be taken by the Federal Government and/ or the Provincial Governments for the implementation of the devolution process.
3. Review all laws, rules and regulations being affected as a consequence of this transition.
4. To create and monitor the mechanism and institutional procedure required to complete the

حکومت/صوبائی حکومتوں کی طرف سے کئے جانے کی ضرورت ہے۔ 18ویں ترمیم پر عملدرآمد کمیشن اختیارات کی منتقلی کے عمل کے ساتھ اس سے وابستہ مالی مضمرات کا بھی جائزہ لے گا اور ایسے مالیاتی طریقہ ہائے کار اپنانے سے متعلق رہنمائی کرے گا جو اس عمل کو دیرپا بنا سکتے ہیں۔ عملدرآمد کمیشن ششماہی بنیادوں پر ترمیم کے مقاصد کے حوالے سے عملدرآمد میں پیش رفت پر رپورٹ بھی مرتب کرے گا۔

عملدرآمد کمیشن کی شرائط حوالہ اور امور کار درج ذیل ہیں:

1) عملدرآمد کمیشن ایسے امور کی انجام دہی کرسکتا ہے جو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل 270 اے اے کی شق 8 کے اطلاق کیلئے ضروری ہوں اور ایسے دیگر اقدامات جو دستور (18ویں ترمیم) ایکٹ 2010 پر اطلاق کیلئے ضروری ہوں۔

2) وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے منتقلی اختیارات کے عمل کے دوران اختیار کی جانے والی پالیسی، پروگراموں، استعداد میں اضافے اور دوسرے اقدامات کا جائزہ لینا۔

3) اس منتقلی کے نتیجے کے طور پر متاثر ہونے والے تمام قوانین، قواعد اور ضوابط کا جائزہ لینا۔

عملدرآمد کمیشن

- پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر میاں رضا ربانی، چیئرمین
- پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر محمد اسحٰق ڈار، ڈپٹی چیئرمین
- عوامی نیشنل پارٹی کے سینیٹر افراسیاب خٹک، رکن
- جمعیت علما اسلام (ف) کے سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ، رکن
- پاکستان پیپلز پارٹی (شیر پاؤ گروپ) آفتاب احمد خان شیر پاؤ، (مستعفی ہوگئے)
- پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی سید نوید قمر، رکن
- متحدہ قومی موومنٹ کے ڈاکٹر فاروق ستار، رکن
- بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینیٹر عبدالمالک، رکن
- پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سینیٹر عبدالرزاق تھہیم وفات پاگئے جن کی جگہ پاکستان مسلم لیگ (ق) نے خدا بخش راجڑ کو رکن نامزد کیا ہے

عملدرآمد کمیشن وفاقی حکومت کی پیشگی اجازت سے سول سروس کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ اراکین یا کسی بھی دوسرے شخص کی خدمات بطور ماہر کسی خاص مقصد کی غرض سے ان شرائط وضوابط جو کمیشن درست خیال کرے پر حاصل کرسکتا ہے۔

process of devolution by 30th June, 2011.

5. To assess the financial implications of such devolution and to provide guidance for financial mechanism that will make it sustainable.
6. To review and examine the existing administrative structures at the level of the Federal Government relating of the subjects being devolved as a result of omission of the Concurrent Legislative List from the Fourth Schedule of the Constitution, other related Articles/ Provisions and to suggest a mechanism for a smooth transition to the Provinces.
7. To take any or all such actions and steps which may be necessary to perform the specified functions.

To review the progress made so far in the execution of the 18th constitutional amendment the Implementation Commission has held meetings to review the overall progress. The Implementation Commission held its first meeting on May 5th, 2010, immediately after being constituted by the Prime Minister and approved its rules of procedures and conduct of business of Implementation Commission in initial meetings. It has also approved the rules of procedures of Council of Common Interests, a summary of which would be sent to the Prime Minister and approved for being placed before the Council of Common Interests for consideration.

The Commission further approved a draft for the circulation of relevant parts of the 18th Amendment to concerned authorities at both the federal and provincial levels. The Commission has decided that it would request experts (not more than four) in the field of administration, finance and law to assist in its working. The working papers for the meeting to be chaired by the prime minister with chief minister and members of the Commission have also been approved.

4) 30 جون 2011 تک منتقلی اختیارات کا عمل مکمل کرنے کیلئے طریقہ ہائے کار طے کرنے میں رہنمائی جو اس عمل کو پائیدار بنا سکیں۔

5) منتقلی اختیارات کے ایسے عمل کے مالیاتی مضمرات کا تجزیہ اور ایسے مالیاتی طریقہ ہائے کار سے متعلق رہنمائی کرنے جو اس عمل کو پائیدار بنا سکیں۔

6) وہ شعبے جنہیں دستور کے چوتھے شیڈول میں درج مشترک قانون سازی کی فہرست اور دوسرے متعلقہ آرٹیکلز/شقوں کے تحت منتقل کیا جا رہا ہے ان سے متعلق وفاقی سطح پر موجود انتظامی ڈھانچے کا جائزہ اور صوبوں کو ہموار انداز سے منتقلی اختیارات کا طریقہ تجویز کرنا۔

7) مخصوص امور کار کی ادائیگی کیلئے ضروری کوئی یا تمام عمل اور اقدامات کرنا۔

18 ویں دستوری ترمیم پر ہونے والی اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے عملدرآمد کمیشن کے اب تک کئی اجلاس منعقد ہو چکے ہیں۔ وزیراعظم کی جانب سے تشکیل دیئے جانے کے بعد 5 مئی 2010 کو عملدرآمد کمیشن نے اپنے پہلے اجلاس میں اپنے قواعد ہائے عمل اور ضوابط کار کی منظوری دی۔ کمیشن نے مشترکہ مفادات کونسل کے قواعد ہائے عمل کا مسودہ بھی منظور کیا جو وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو ارسال کیا گیا۔ یہ مسودہ بعد میں مشترکہ مفادات کونسل کے سامنے زیر غور لانے کیلئے پیش کیا جائے گا۔

کمیشن نے 18 ویں دستوری ترمیم کے متعلقہ حصوں کو وفاقی اور صوبائی سطحوں پر متعلقہ حکام کو بھجوانے کیلئے ایک تحریری مسودہ کی منظوری دی۔ یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ کمیشن انتظامیہ، مالیات اور قانون کے شعبوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین (چار سے زیادہ نہیں) کی خدمات اپنے کام میں معاونت کیلئے حاصل کرے گا۔ کمیشن نے وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس جس میں وزراء اعلیٰ اور کمیشن کے اراکین صوبائی حکام کو شامل ہونا تھا کیلئے ''عملی مقالہ'' کی بھی منظوری دی۔

A member of the Implementation Commission, Mr. Aftab Ahmad Khan Sherpao, resigned on June 24, 2010. Mr. Sherpao resigned on the grounds that he was unable to cope with the responsibilities of the Commission, under 'current circumstances'. He said, while delivering his resignation that he had tendered his resign over his 'heavy preoccupied schedule', while implementation and working in accordance with 18th Amendment was the duty of the government, and not of the opposition. However, he assured of his ever ready services and sympathies with the Commission, whenever required, and also expressed his hopes and belief that government would be able to complete the implementation of 18th Amendment, within its stipulated mandated timeframe.

عملدرآمد کمیشن کے ایک رکن آفتاب احمد خان شیرپاؤ 24 جون 2010 کو اس بنیاد پر رکنیت سے مستعفی ہو گئے کہ وہ ''موجودہ حالات'' میں کمیشن کی ذمہ داریوں سے عہدہ براء ہونے سے قاصر ہیں۔ اپنا استعفیٰ پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ غیر معمولی پیشگی مصروفیات'' کے باعث استعفیٰ پیش کر رہے ہیں جبکہ 18 ویں دستوری ترمیم کا اطلاق حکومت کی ذمہ داری ہے نہ کہ حزب اختلاف کی۔ تاہم انہوں نے کمیشن کو یقین دہانی کرائی کہ جب اور جہاں ان کی خدمات کی ضرورت ہوئی وہ دستیاب ہوں گے۔ جبکہ انہوں نے امید اور یقین کا اظہار کیا کہ حکومت دیئے گئے نظام الاوقات کے اندر 18 ویں دستوری ترمیم پر عمل درآمد کرنے میں کامیاب رہے گی۔

The Implementation Commission on 18th Amendment has discussed matters relating to the transfer of administrative and financial control of some nine ministries to the provinces. The implementation commission took up the issue of mode of transfer of some nine ministries including Health, Culture, Environment, Agriculture, Livestock, Social Welfare and Education to provinces.

It has also discussed in detail the technical aspects of the transfer of administrative and financial control of these ministries to the provinces and how the staff of these ministries would be readjusted among the provinces.

Commission decided that matters related to world aid, agreements with other countries and national planning in respect of these ministries would also be transferred to the provinces following the abolition of Concurrent List.

The provinces mistrust the Centre's intentions and there is doubt that transference of power after 18th Amendment will eventually shift the burden of responsibilities. Provinces are afraid to be left to pick up the tab for ministries; the federal government will no longer be obliged to pay after June 2011.

Chief Ministers of all four provinces informed the prime minister in a meeting of Implementation Commission that special cells had been set up and necessary homework is being done for the implementation of the 18th Amendment and have assured of the cooperation of provinces for timely completion of the process. The Sindh government has already complained federal government that federal budget for 2010-11 does not reflect the decision of the NFC award. The provincial government has expressed its concerns that deliberate attempts have been made to cause financial losses to the province.

However, the chief ministers complained the NFC award had not catered for the additional responsibilities being devolved to provinces under the 18th amendment. Chief Ministers also called upon the centre to transfer all funds and assets of the ministries to provincial governments, set to come within their purview.

Sindh government has formed a provincial implementation committee to oversee the implementation of the 18th Amendment; Dr. Kaiser Bengali is the head of the committee. This committee will examine the policy, programmes, capacity building and other measures taken by the provincial government or the district governments for the implementation of the devolution process. This

18ویں دستوری ترمیم پر عملدرآمد کمیشن نے نو وزارتوں کے انتظامی اور مالیاتی کنٹرول کو صوبوں کے سپرد کرنے سے متعلق معاملات پر گفتگو کی، کمیشن، کے اجلاس میں ان وزارتوں بشمول صحت، ثقافت، ماحول، زراعت اور تعلیم کو صوبوں کے سپرد کئے جانے سے متعلق طریقہ ہائے کار کو بھی زیر بحث لایا گیا۔

کمیشن نے مذکورہ وزارتوں کے انتظامی اور مالیاتی کنٹرول کے صوبوں کے سپرد کرنے کے فنی پہلوؤں اور ان وزارتوں کے عملہ کو کس طرح از سر نو کھپایا جائے گا، جیسے معاملات پر بھی تفصیلی بحث کی۔

کمیشن نے فیصلہ کیا کہ مشترک اختیارات کی فہرست ختم ہو جانے کے بعد مذکورہ وزارتوں کے حوالے سے عالمی امداد، دوسرے ممالک سے معاہدات اور قومی منصوبہ جیسے معاملات بھی صوبوں کے سپرد کر دئے جائیں۔

صوبوں کی جانب سے مرکز کی نیت پر شک کا اظہار کیا گیا اور خدشہ ظاہر کیا گیا کہ 18ویں دستوری ترمیم کے بعد منتقلی اختیارات سے ذمہ داریوں کا بوجھ بھی انہیں منتقل کر دیا جائے گا۔صوبے وزارتیں سنبھالتے ہوئے خوف کا شکار ہیں جبکہ وفاقی حکومت پر جون 2011 کے بعد ادائیگی کی ذمہ داری نہیں رہے گی۔

عملدرآمد کمیشن کے ایک اجلاس کے دوران چاروں صوبوں کے وزراء اعلیٰ نے وزیر اعظم کو آگاہ کیا کہ 18ویں دستوری ترمیم کے حوالے سے خصوصی سیل قائم کر دئے گئے ہیں اور ضروری تیاری کر لی گئی ہے۔ انہوں نے ترمیم سے متعلق امور بروقت مکمل کرنے کے حوالے سے صوبوں کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔سندھ حکومت پہلے ہی شکوہ کر چکی ہے کہ وفاقی بجٹ 11-2010 میں قومی مالیاتی ایوارڈ کے فیصلے کی عکاسی نہیں ہوئی۔صوبائی حکومت نے تشویش ظاہر کی کہ صوبے کو مالیاتی نقصانات سے دوچار کرنے کی سنجیدہ کوشش کی گئی ہے۔

صوبوں کے وزراء اعلی نے شکایت کی کہ قومی مالیاتی ایوارڈ 18ویں دستوری ترمیم کے تحت صوبوں کو دی گئی اضافی ذمہ داریوں کو ملحوظ نہیں رکھا گیا۔وزراء اعلیٰ نے مرکز سے کہا کہ صوبائی حکومتوں کے دائرہ کار میں آنے والی وزارتوں کے تمام فنڈز اور اثاثے منتقل کئے جائیں۔

سندھ حکومت نے 18ویں دستوری ترمیم پر اطلاق کے عمل کی نگرانی کیلئے ایک صوبائی اطلاقی کمیٹی کی تشکیل دی جس کی سربراہی ڈاکٹر قیصر بنگالی کر رہے ہیں۔ یہ کمیٹی منتقلی اختیارات کے عمل پر عملدرآمد کیلئے صوبائی حکومتوں یا ضلعی حکومتوں کی طرف سے اختیار کی

committee will also review all laws and regulations being affected as a consequence of this transition and recommend amendments.

Khyber Pakhtunkhwa has constituted a high-level committee to examine the implication and implementation process of 18th amendment. The committee is headed by Mian Iftikhar Hussain, Minister for Information Khyber Pakhtunkhwa.

Punjab has set up a committee headed by Sardar Zulfiqar Khosa to monitor and the implications and implementation of 18th amendment in the province.

Another factor hampering the progress of implementing 18th Amendment is hearing of the petition against 18th Amendment at the Supreme Court of Pakistan. Prolonged seventeen member full court, headed by Chief Justice completed its hearing on September 30, 2010 and reserved the judgment.

گئی پالیسی، پروگراموں کے استعداد میں اضافے اور دوسرے اقدامات کا تجزیہ کرے گی۔

خیبر پختونخوا نے 18ویں دستوری ترمیم کے مضمرات اور اطلاق کے عمل کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی۔ اس کمیٹی کی سربراہی خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات میاں افتخار حسین کر رہے ہیں۔

پنجاب نے سردار ذوالفقار کھوسہ کی سربراہی میں صوبے میں 18ویں دستوری ترمیم کے مضمرات اور اطلاق کی نگرانی کیلئے کمیٹی تشکیل دی ہے۔

18ویں دستوری ترمیم کے اطلاق سے متعلق پیشرفت میں ایک اور رکاوٹ سپریم کورٹ آف پاکستان میں ترمیم کے خلاف دائر درخواستوں کی سماعت ہے۔ چیف جسٹس کی سربراہی میں 17رکنی فل کورٹ نے طویل سماعت کے بعد 30 ستمبر 2010 کو اس ضمن میں اپنا فیصلہ محفوظ رکھا۔

The parliament, unanimously adopting the amendment, had altered Article 267-A to allow itself, through a joint sitting, to address problems that might arise because of its implementation.

Article 267-A(1) says: "If any difficulty arises in giving effect to the provisions of the Constitution, 18th Amendment Act, 2010, or for bringing the provisions into effective operation, the matter shall be laid before both houses in a joint sitting which may by a resolution direct that the provisions shall during such period as may be specified in the resolution have effect subject to such adaptations, whether by way of modification, addition or omission, as may be deemed necessary or expedient."

پارلیمنٹ نے ترمیم متفقہ طور پر منظور کرتے ہوئے آرٹیکل 267اے میں تبدیلی کے ذریعے خود کو اختیار دیا کہ وہ عملدرآمد کے نتیجے میں سامنے آنے والے مسائل کا اپنے مشترکہ اجلاس کے ذریعے حل نکال سکتی ہے۔

آرٹیکل 267۔اے(1) کی رو سے 18ویں دستوری ترمیم ایکٹ 2010 کے شقوں کے اطلاق یا ان شقوں پر مؤثر عملدرآمد میں کوئی مشکل درپیش آئی تو معاملہ دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس کے سامنے رکھا جائے گا۔ یہ جو ایک قرارداد کی صورت ہوسکتی ہے کہ شقیں قرارداد میں دی گئی مدت کے دوران موثر ہوں گی بمطابق اس کی منظوری کے جو تبدیلی یا اضافے یا تحریف جیسی کسی بھی صورت میں ضروریات یا سہولت کے مطابق ہوسکتی ہے۔

Dr. Christina Murray

Christina Murray is Professor of Human Rights and Constitutional Law at the University of Cape Town. She is currently a member of the Committee of Experts established by Parliament of Kenya to draft a new Constitution for Kenya. (The constitution proposed by the Committee was adopted by the Kenyan Parliament on 1 April and will be submitted to a national referendum in the next four months.) Between 1994 and 1996 she served on a panel of seven experts advising the South African Constitutional Assembly in drafting South Africa's 'final' Constitution. Since then most of her work has focused on constitution making, constitutional design and the implementation of new constitutions. In South Africa much of this work has been with the national Treasury (implementing the fiscal elements of the new decentralized system of government) and with the national Parliament and nine provincial legislatures. Work elsewhere includes Indonesia, Kyrgyzstan, Southern Sudan, Nepal and Bolivia. Amongst her most recent published work is a book, edited with Michelle O'Sullivan: Advancing Women's Rights: the first decade of democracy (2005), and papers on traditional leadership, political opposition, multilevel government, the executive under South Africa's constitution, and ethnicity in South Africa's constitutional design.

ڈاکٹر کرسٹینا مرے

ڈاکٹر کرسٹینا مرے، یونیورسٹی آف کیپ ٹاؤن میں ہیومن رائٹس اور کانسٹی ٹیوشنل لاء کی پروفیسر ہیں۔ان دونوں وہ کینیا کی پارلیمنٹ کی طرف سے نئے دستور کا مسودہ تیار کرنے کیلئے تشکیل دی گئی کمیٹی کی رکن ہیں (کینیا کی پارلیمنٹ نے یکم اپریل کو کمیٹی کی طرف سے تجویز کئے گئے دستور کی منظوری دے دی جسے آئندہ چار ماہ کے عرصے میں قومی ریفرنڈم کیلئے پیش کیا جانا تھا)۔وہ 1994 سے 1996 کے دوران اس سات رکنی پینل کا حصہ رہیں جس نے ملک کے 'حتمی' دستور کا مسودہ تیار کرنے میں جنوبی افریقہ کی دستور ساز اسمبلی کو مشاورت بہم پہنچائی۔اس کے بعد سے ان کا بیشتر کام دستور سازی، دستوری نمونے اور نئے دساتیر کے نفاذ پر مرکوز رہا ہے۔جنوبی افریقہ میں اس کام کا بڑا حصہ انہوں نے قومی محکمہ خزانہ (عدم مرکزیت کے حامل نئے طرز حکومت کے مالیاتی پہلوؤں کا نفاذ)، قومی پارلیمنٹ اور نو صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر کیا۔اس کے علاوہ انہوں نے انڈونیشیا، کرغستان، جنوبی سوڈان، نیپال اور بولیویا میں بھی خدمات سرانجام دیں۔ان کے تازہ ترین مطبوعہ کام میں کتاب 'حقوق نسواں میں پیشرفت: جمہوریت کا پہلا عشرہ (2005)، جس کی تدوین ان کے ساتھ مشیل اوسیلوان نے کی، اس کے علاوہ روایتی قیادت، سیاسی مخالفت، کثیر سطحی حکومت، جنوبی افریقہ کے دستور میں انتظامیہ اور جنوبی افریقہ کے دستوری ڈھانچے میں لسانیت، پر لکھے گئے مقالہ جات شامل ہیں۔

Prof. Christina Murray,

Member Committee of Experts on Constitutional Review

UNIVERSITY OF CAPE TOWN, SOUTH AFRICA

By Fauzia Shaheen

F: Would you like to share about your career?

Christina Murray: I'm a South African and my permanent job is at the University of Cape Town where I teach constitutional law. In 1994, I was elected as a member of a panel that advised the South African constitutional assembly. I spent 2 years doing that and it involved me in making new constitutions and their implementation. It also allowed me to be directly engaged with the South African Constitution, not only for its drafting but also its implementation. At the moment, I am on leave from the University because I'm working in Kenya where I am a member of a committee that was appointed by the parliament of Kenya to prepare a new draft constitution for Kenya.

F: As an international constitutional expert, how do you analyze the whole process of the 18th amendment and the working of constitutional committee?

C: I know relatively very little about it but, coming from the outside, when I read the 18th amendment, it strikes me that a lot of fundamental changes have been agreed to like shifting power from the President to the Prime Minister and perhaps in an increase of emphasis of the role of the provinces. And although some of the people at this meeting in Kathmandu say a variety of further things should be done, I think that the 18th Amendment itself is a huge achievement. There is always more to be done! It seems particularly important that there is now also a constitutional right to access to information. Access to information may be one of the most fundamental rights in a democratic state. So there are many important things in the Amendment and is a remarkable achievement - done relatively painlessly.

F: What type of challenges we are going to face during the implementation of this 18th Amendment? Is Implementation process going to be painful and difficult?

C: people who do the drafting of a constitution get pretty involved in the matter and probably have a sense that they have achieved more than they really have! Because the constitution (or an amendment) is only a start. South Africans learnt that with their constitution. Even when everyone was ready to embrace the change it represented, we found it very difficult to implement the constitution. It turned out to be incredibly difficult to turn the whole undemocratic system around and to start treating people differently, establishing different institutions and so on. Getting the constitution sorted out is only about 5% of the

س:۔اپنے کیریئر کے بارے کچھ بتانا پسند کریں گی؟

کرسٹینا:۔میرا تعلق جنوبی افریقہ سے ہے اور میں کیپ ٹاؤن یونیورسٹی میں 'دستوری قانون' پڑھاتی ہوں۔1994 میں، میں جنوبی افریقہ کی دستوری اسمبلی کے مشاورتی پینل کی رکن منتخب ہوئی جہاں میں نے دو سال گذارے۔دو برسوں پر محیط اس تجربہ سے مجھے نا صرف جنوبی افریقہ کے دستور سے بلا واسطہ منسلک ہونے کا موقع ملا بلکہ اس کے مسودے کی تیاری میں حصہ لینے اور اس کے اطلاق کو سمجھنے میں بھی مدد ملی۔ان دنوں یونیورسٹی سے رخصت پر ہوں اور کینیا میں پارلیمنٹ کی جانب سے تشکیل دی گئی دستوری کمیٹی کی رکن ہوں۔یہ کمیٹی کینیا کے نئے دستور کیلئے مسودہ تیار کر رہی ہے۔

س:۔بین الاقوامی ماہر کے طور پر آپ پاکستان میں 18ویں دستوری ترمیم کے پورے عمل اور دستوری کمیٹی کے کام کا کس طرح جائزہ لیں گی؟

کرسٹینا:۔میں اس کے بارے میں بہت کم جانتی ہوں مگر جب میں نے 18ویں ترمیم کو پڑھا تو یہ جان کر خوشگوار حیرت ہوئی کہ بہت سی بنیادی تبدیلیوں پر رضامندی ظاہر کر دی گئی ہے جیسا کہ اختیارات کا تبادلہ صدر سے وزیر اعظم کی طرف کر دیا گیا ہے اور صوبوں کے کردار کو بڑھانے پر زور دیا گیا ہے۔ترمیم کے حوالے سے کھٹمنڈو میں منعقدہ ایک بین الاقوامی کانفرنس کے دوران بعض لوگوں نے کہا کہ کئی اور اہم چیزیں بھی اس میں شامل ہونی چاہئیں تھیں۔میرے خیال میں 18ویں ترمیم ایک بڑی کامیابی ہے۔بہتری کی گنجائش ہمیشہ رہتی ہے مگر یہ بہت اہم ہے کہ عوام کے معلومات تک رسائی کے حق کو دستوری حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔کسی بھی جمہوری ریاست میں معلومات تک رسائی بنیادی حق تصور کیا جاتا ہے۔اس لحاظ سے اس ترمیم میں کئی باتیں قابل ذکر ہیں اور یہ پورا عمل قابل تعریف ہے کیونکہ اس پورے مرحلے کو بغیر کسی دشواری کے طے کیا گیا ہے۔

س:۔آپ نے جنوبی افریقہ کے دستور کے اطلاق سے متعلق کام کیا ہے۔آپ کے خیال میں 18ویں ترمیم کے اطلاق میں وفاق اور صوبوں کے درمیان کون سے مسائل درپیش آسکتے ہیں؟ کیا اطلاق کا عمل مشکل اور صبر آزما ہوگا؟

کرسٹینا:۔جن افراد نے دستور کا مسودہ تیار کیا اور اس پورے عمل میں شریک رہے ہیں شائد وہ یہ خیال کر رہے ہوں کہ انہوں نے جتنا سوچا تھا اس سے کہیں زیادہ حاصل کر لیا ہے۔تاہم دستوری ترمیم تو محض ایک ابتدا ہے۔جنوبی افریقہ کے باشندوں نے اپنے دستور سے یہی

work. Actually, making it work is much more difficult.

F: Can you identify the most crucial areas of implementation of eighteenth amendment in Pakistan?

C: That's hard, because there are technical issues and there are also issues that are intangible and relate to the way people think. Let's deal with the intangible issues first. People often talk about the role of politicians. You need political leadership but also political energy. Behind change you need people who champion it; you need a willingness to make it work; you need people who really think about what it means on a day to day basis. One needs to have real energy and engagement behind it. That's hard and it certainly needs strong civil engagement. People must start understanding what the constitution intends to do and insist that government, politicians, and institutions actually make it work.

Then there are technical issues.

The technical issues mean government needs to change the way it works. At the moment many jobs that are being done by the federal government have to move to provincial governments. Any country would confront a serious administrative challenge here.

F: Would you like to give some suggestions for the successful implementation of amendment as a nation? As an experienced person, what advice would you like to give the government, officials, executive, judiciary and parliament?

C: First, citizens need to understand that the amendment really does diffuse power and should give more democratic power to people at lower levels because provinces now have much more responsibility. The people need to expect more from their provincial governments. But, at the same time, people need to be realistic and patient because it is not going to happen instantaneously. South Africans thought that once they voted and had a democratic government there would be change. 15 years later, we are all still having to be very patient. Things have got better but it is slow. So citizens need to make demands, make sure that the amendment is actually implemented but they should also understand it's difficult to change government.

Secondly, I understand from the discussions this weekend that provincial governments need to stop and think about their new roles. As I understand it from the discussion, provincial governments have had relatively routine jobs up to now. But in the future they are going to have to take responsibility for developing programs and policy and being creative. So provinces have an opportunity to administer to the specific needs of their people. To do that requires thought, energy, concern, and engagement of people.

Thirdly, the federal government is facing the very difficult task of giving up power. This amendment

بات سیکھی ہے۔اس وقت جب تبدیلی لانے کیلئے ہر شخص آمادہ تھا تب بھی ہم نے دستور کے اطلاق کو بہت مشکل پایا۔ایک غیر جمہوری نظام کو یکسر تبدیل کرنا اور مختلف ادارے قائم کرنا انتہائی کٹھن اور دشوار مرحلہ تھا۔دستور کی منظوری کا مرحلہ طے کرنا صرف 5 فیصد کام ہے جبکہ 95 فیصد کام ابھی باقی ہے۔سو درحقیقت اطلاق زیادہ مشکل مرحلہ ہے۔

س:۔آپ کے خیال میں پاکستان میں 18 ویں ترمیم کے اطلاق میں دشوار ترین مراحل کون سے ہو سکتے ہیں؟

